جو شخص صبح کے وقت یا شام کے وقت مسجد جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ضیافت تیارکرتا ہے، جب بھی وہ صبح یا شام کے وقت مسجد جاتاہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "جو شخص صبح کے وقت یا شام کے وقت مسجد جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ضیافت تیارکرتا ہے، جب بھی وہ صبح یا شام کے وقت مسجد جاتاہے"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے عبادت، طلب علم یا اس طرح کے کسی دوسرے نیک مقصد کی خاطر کسی بھی وقت، دن کے پہلے حصے میں ہو یا آخری حصے میں، مسجد آنے والے کو خوش خبری دی ہے کہ وہ رات یا دن کے وقت جب بھی مسجد آتا ہے، تو اللہ تعالی اس کے لیے جنت میں جگہ اور ضیافت تیار کر دیتا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5436